Stylecraft

کا سمک کروشےآلونگ کو سٹائل کرافٹ سپانسر کر رہا ہے ۔

# کا سمک کروشےآلونگ حصہ سوئم

ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن ۔کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ ۔تمام جملہ حقوق محفوظ

www.crystalsandcrochet.com




| | |
|---|---|
| St,Sts | (سٹیچ۔سٹیچز) ٹانکا ۔ٹانکے |
| R | (راونڈ ) چکر یا پھیر |
| Ch | (چین)زنجیر ٹانکا |
| Sl- st | (سلپ سٹیچ )گم ٹانکا |

| | |
|---|---|
| (یارن اوور) بل ڈالیں | Yo |
| (سنگل کروشے )سادہ ٹانکا | Sc |
| (ہاف ڈبل کروشے )آدھا بڑا ٹانکا | Hdc |
| (ڈبل کروشے )بڑا ٹانکا | Dc |
| (ٹریبل کروشے )دو بل ٹانکا | Tr |
| (ڈبل ٹریبل کروشے ) تین بل ٹانکا | Dtr |
| (بیک لوپ) اوپری زنجیر کا پچھلے حصہ | Bl |
| (فرنٹ لوپ) زنجیر کا اگلا حصہ | Fl |
| (بیک پوسٹ ) ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے | Bp |
| (فرنٹ پوسٹ )ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے | Fp |

تمام ٹانکے امریکی انگریزی زبان بھی استعمال ہوئ ہے

اشارے آپ کی مدد اور راہنمائ کے لئے ہیں خصوصا نئے بنانے والوں کو ان سے مدد ملے گی ۔

تصاویر آپکی راہنمائ کے لئے ہیں ان کو نمبر سے ظاہر کیا گیا ہے ۔

**دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو بتائ گئ تعداد میں دہرائیں ۔یہ مکمل طرف یا سائیڈ کی ہدایات ہوتی ہیں جن میں چھوٹی جگہ پر بنائ جانے والی ہدایات شامل ہوتی ہیں ۔

()بریکٹ کے اندر کی ہدایات کو دہرائیں ۔یہ کم جگہ پر کی جانے والی ہدایات ہوتی ہیں ۔

خصوصی ٹانکا ۔

سٹار ) ستارہ ٹانکا        Star stitch (سٹیچ

ستارہ ٹانکا چکر نمبر پچاس اور اکاون میں بننا بتایا گیا ہے ۔

ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن     کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ     تمام جملہ حقوق محفوظ

ترتالیسواں چکر۔

لمبی طرف ۔

*چکر نمبر چونتیس کے نشان بکسوے والے ٹانکے کے بعد آنے والے چھٹے ٹانکے میں ایک کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں (نشان بکسوے والے ٹانکے کو شمار نہیں کر یں )تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔اگلے ٹانکے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

اگلے بیس ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے دس ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے دس ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے سات ٹانکوں کے گرد

پچھلی طرف سے ایک ایک دو بل ٹانکا بنائیں ۔

چھوٹی طرف۔

نشان بکسوے والے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے دو بل ٹانکا بنائیں (نشان بکسوہ اس ٹانکے میں لگائیں )

اگلےتین ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے تیراسی ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے تین ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔نشان بکسوے والے ٹانکے کے گرد

پچھلی طرف سے دو بل ٹانکا بنائیں ۔ (نشان بکسوہ اس ٹانکے میں لگائیں )تصویر نمبر دو دیکھیں ۔

لمبی طرف ۔

اگلے سات ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک دو بل ٹانکا بنائیں ۔اگلے دس ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے دس ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے بیس ٹانکوں کے گرد

پچھلی طرف سے ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں (چکر نمبر چونتیس ہوگا)

اون کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں *تصویر نمبر تین دیکھیں ۔

**دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔

لمبی طرف ۔چار سادہ ٹانکے ۔ چالیس ٹانکے کی پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے ۔بیس ٹانکے کی پچھلی طرف سے بنے آدھے بڑے ٹانکے ۔بیس ٹانکے کی پچھلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے ۔چودہ ٹانکے کی پچھلی طرف سے بنے دو بل ٹانکے ۔

چھوٹی طرف۔تیراسی ٹانکے کی پچھلی طرف سے بنے آدھے بڑے ٹانکے ۔چھ ٹانکے کی پچھلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے ۔

دو ٹانکے کی پچھلی طرف سے بنے دو بل ٹانکے ۔




چوا لیسواں چکر۔

لمبی طرف ۔

*چکر نمبر چونتیس کے نشان بکسوے والے ٹانکے کے بعد آنے والے چوتھے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں (نشان بکسوے والے ٹانکے کو شمار نہیں کر یں )تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔اگلے ٹانکے میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے دس ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے دس ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے سترہ ٹانکوں میں ایک ایک دو بل ٹانکا بنائیں ۔

چھوٹی طرف۔

نشان بکسوے والے ٹانکے میں (دو بڑے ٹانکے اور ایک دو بل ٹانکا )(نشان بکسوہ دو بل ٹانکے میں لگائیں )اگلے ٹانکے بنائیں

ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے ستاسی ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے میں ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔نشان بکسوے والے ٹانکے میں بنائیں (دو بڑے ٹانکے اور ایک دو بل ٹانکا )(نشان بکسوہ دو بل ٹانکے میں لگائیں )تصویر نمبر دو دیکھیں ۔

لمبی طرف ۔

اگلے سترہ ٹانکوں میں ایک ایک دو بل ٹانکا بنائیں ۔اگلے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے دس ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے دس ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے میں ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں

(چکر نمبر چونتیس ہوگا )اگلے ٹانکے میں ایک  سادہ ٹانکا بنائیں ۔اون کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں *تصویر نمبر تین دیکھیں ۔

**دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔چھوٹی طرف ۔ستاسی آدھے بڑے ٹانکے ۔چھ بڑے ٹانکے ۔دو دو بل ٹانکے ۔

لمبی طرف ۔بائیس سادہ ٹانکے ۔بائیس آدھے بڑے ٹانکے ۔چوبیس بڑے ٹانکے ۔چونتیس دو بل ٹانکے




ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ تمام جملہ حقوق محفوظ

پینتالیسواں چکر۔

لمبی طرف ۔

چکر نمبر چونتیس کے نشان بکسوے والے ٹانکے کے بعد آنے والے دوسرے ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا (نشان بکسوے *بنائیں

والے ٹانکے کو شمار نہیں کر یں )تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔اگلے ٹانکے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

اگلے بیس ٹانکوں میں ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے دس ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے اکیس ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔

چھوٹی طرف ۔

نشان بکسوے والے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے ایک بڑا ٹانکا بنائیں (نشان بکسوہ اس ٹانکے میں لگائیں )اگلے ٹانکے

کی پچھلی طرف سے آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے اکانوے ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔

(نشان بکسوہ اس ٹانکے میں لگائیں )تصویر نمبر دو دیکھیں ۔

لمبی طرف ۔

اگلے اکیس ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے دس ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک

آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔اگلے بیس ٹانکوں کے گرد پچھلی طرف سے ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک

سادہ ٹانکا بنائیں (چکر نمبر چونتیس میں بنے گے)اون کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں *تصویر نمبر تین دیکھیں

**دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔چھوٹی طرف ۔اکانوے ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے ۔دو ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے آدھے بڑے ٹانکے ۔دو ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے ۔

لمبی طرف ۔چار سادہ ٹانکے ۔چالیس ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے ۔بیس ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے آدھے بڑے ٹانکے ۔بیالیس ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے بنے بڑے ٹانکے ۔




چھیالیسواں چکر۔

چونتیسویں چکر کے نشان بکسوے والے ٹانکے  سے پہلے آنے والے ٹانکے میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔

لمبی طرف ۔

ہک کو چکر نمبر چونتیس کے نشان بکسوے والے ٹانکے میں سے گزارتے ہوئے چکر نمبر تیس کے نشان بکسوے والے *ٹانکے

میں سے گزار کر آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر دو دیکھیں ۔چکر نمبر چونتیس ہی کے اگلے ٹانکے میں آدھا بڑا ٹانکا بنائیں

اگلے ترپن ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

چھوٹی طرف ۔

نشان بکسوے والے ٹانکے میں ( دو آدھے بڑے ٹانکے ایک بڑا ٹانکا اور دو آدھے بڑے ٹانکے )(نشان بکسوہ بڑے ٹانکے

بنائیں

میں لگائیں )اگلے ترانوے ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔نشان بکسوے والے ٹانکے میں بنائیں ۔

دو آدھے بڑے ٹانکے ایک بڑا ٹانکا اور دو آدھے بڑے )(نشان بکسوہ بڑے ٹانکے میں لگائیں )تصویر نمبر تین دیکھیں ۔ (ٹانکے

لمبی طرف ۔

اگلے ترپن ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے میں آدھا بڑا ٹانکا (چکر نمبر چونتیس میں بنے گا)* بنائیں

تصویر نمبر چار دیکھیں ۔

دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔ آخری آدھے بڑے ٹانکے کو چھوڑتے ہوئے گم ٹانکے سے کھڑے آدھے بڑے ٹانکے میں جوڑ کہ چکر مکمل کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔

لمبی طرف ۔ایک سو چھ سادہ ٹانکے ۔ سات آدھے بڑے ٹانکے ۔

چھوٹی طرف ۔ترانوے سادہ ٹانکے ۔چار آدھے بڑے ٹانکے ۔اور دو کونوں کے لئے بنائے گئے بڑے ٹانکے ۔




ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ تمام جملہ حقوق محفوظ

سینتالیسواں چکر۔

تین زنجیر ٹانکے بنائیں (یہ تین زنجیر ٹانکے ایک بڑا ٹانکا شمار ہوگا)تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔اگلے دو

ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر دو اور تین دیکھیں ۔

*لمبی طرف ۔

اگلے پچپن ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں ۔

چھوٹی طرف ۔

نشان بکسوے والے بڑے ٹانکے میں بنائیں (دو آدھے بڑے ٹانکے دو زنجیر ٹانکے اور دو آدھے بڑے ٹانکے )اگلے ستانوے ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں نشان بکسوے والے ساده ٹانکے میں بنائیں (دو آدھے بڑے ٹانکے دو زنجیر ٹانکے اور دو آدھے بڑے ٹانکے )

لمبی طرف ۔


اگلے پچپن ٹانکوں میں ایک ایک آدھا بڑا ٹانکا بنائیں اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔*تصویر نمبر چار دیکھیں ۔

دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔ آخری دہرائ میں آخری تین بڑے ٹانکے چھوڑتے ہوئے پہلے بنے تین زنجیر ٹانکوں کے اوپر گم ٹانکے سے جوڑ کہ چکر مکمل کر لیں ۔اون کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔

لمبی طرف ۔ایک سو چوده آدھے بڑے ٹانکے ۔تین بڑے ٹانکے ۔

چھوٹی طرف۔ ستانوے ساده ٹانکے ۔چار آدھے بڑے ٹانکے ۔دو زنجیر جگہ والے دو کونے۔




اشاره ۔خیال رہے کہ کنونوں کے فورا بعد آنے والے ٹانکے ره نہ جائیں ۔

اڑتالیسواں چکر۔

چھوٹی طرف کےآخر میں آنے والے دو زنجیر کونے سے پہلے آنے والے آخری ٹانکے میں کھڑا بڑا ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔

لمبی طرف ۔

*دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (دو بڑے ٹانکے دو زنجیر ٹانکے اور دو بڑے ٹانکے )تصویر نمبر دو دیکھیں ۔

اگلے ایک سو ستره ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔

چھوٹی طرف۔

دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (دو بڑے ٹانکے دو زنجیر ٹانکے اور دو بڑے ٹانکے )اگلے ایک سو ایک ٹانکوں میں

ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں *تصویر نمبر تین دیکھیں

دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔ آخری دہرائ میں آخری بڑے ٹانکے کو چھوڑتے ہوئے گم ٹانکے سے کھڑے بڑے ٹانکے سے جوڑ کہ چکر مکمل کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔

لمبی طرف ۔ایک سو اکیس بڑے ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ ۔

چھوٹی طرف۔ایک سو پانچ بڑے ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ ۔




ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن     کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ     تمام جملہ حقوق محفوظ

اونچاسواں چکر ۔

تین زنجیر بنائیں (ایک بڑا ٹانکا شمار ہوگا)تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔

لمبی طرف ۔

*دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (دو بڑے ٹانکے دو زنجیر ٹانکے اور دو بڑے ٹانکے )تصویر نمبر دو دیکھیں ۔

اگلے ایک سو اکیس ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔

چھوٹی طرف۔

دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (دو بڑے ٹانکے دو زنجیر ٹانکے اور دو بڑے ٹانکے )اگلے ایک سو پانچ ٹانکوں

میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں *تصویر نمبر تین دیکھیں ۔

دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔آخری دہرائ میں آخری تین بڑے ٹانکے چھوڑتے ہوئے گم ٹانکے تین زنجیر کے اوپر گم ٹانکے سے جوڑ کہ چکر مکمل کر لیں ۔اون کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔لمبی طرف ۔ایک سو پچیس بڑے ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے والی ایک جگہ

چھوٹی طرف۔ایک سو نو بڑے ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے والی ایک جگہ




ستارہ ٹانکا ۔یہ ٹانکا مارگریٹا ٹانکے کی قسم ہے جس میں تین نوکیں ہوتی ہیں یا یہ ٹانکا پانچ نوکوں والا بھی بنایا جاتا ہے ۔عام طور پر دوسرے چکر میں ایک سادہ ٹانکا بنایا جاتا ہے لیکن اگر آدھا بڑا ٹانکا بنایا جائے تو یہ خوبصورت ستارے کی شکل اختیار کر لیتا ہے ۔

اشارہ۔ستارہ ٹانکا دو چکروں پہ مشتمل ہے ۔پہلا چکر سیدھی طرف بنے گا۔ دوسرا چکر الٹی طرف بنایا جائے گا ۔

اشارہ۔پہلا شروعاتی ستارہ ٹانکےکی درمیان ایک زنجیر ٹانکا صرف شروعاتی ستارہ ٹانکے میں بنے گا۔آئندہ آنے والے کسی بھی چکر میں نہیں بنایا جائے گا ۔

پچاسواں چکر۔

چھوٹی طرف۔

شروعاتی ستارہ ٹانکا بنایا )چکر شروع کرنے کےلئے *کسی بھی لمبی طرف کے آخر پہ آنے والے دو زنجیر کونے (جارہا ہے

میں کھڑا آدھابڑا ٹانکا بنائیں ۔

ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔درمیان (تصویر نمبر ایک دیکھیں ) ہک ڈال کہ بل ڈآلیں اور پھندہ میں سے کھینچ لیں ۔اس میں

عمل کو کونے میں بنے آدھے بڑے ٹانکے کی نچلی طرف دہرائیں اور اگلے آنے والے دو ٹانکوں میں بھی دہرائیں ۔تصویر نمبر دو دیکھیں ۔اب ہک پہ کل چھ پھندے ہوں گے ۔بل ڈال کر ان تمام پھندوں سے اون کھینچ لیں ۔ایک زنجیر ٹانکا بناکر ٹانکا مکمل کر لیں ۔یہ ایک زنجیر ٹانکا درمیان بنے گا۔تصویر نمبر تین دیکھیں ۔

پچھلے بنے ستارہ ٹانکے کے درمیان میں ہک گزار کر ایک پھندہ کھینچ لیں ۔چکر نمبر اننچاس میں بنے اگلے ٹانکے میں (سے

ایک پھندہ کھینچ لیں ۔اگلے آنے والے دو ٹانکوں میں سےایک ایک پھندہ کھینچ لیں ۔ہک پر کل چھ پھندے ہوں گے ۔بل کہ ان تمام پھندوں سے اون کھینچ لیں ۔ایک زنجیر ٹانکا بنا کر ٹانکا مکمل کر )ڈال تصویر نمبر چار اور پانچ دیکھیں ۔ لیں

چون بار (آخری ستارہ ٹانکے کا آخری پھندہ دو زنجیر والے کونے میں بنے گا)تصویر نمبر چھ دیکھیں ۔دو زنجیر دہرائیں ۔

جگہ میں بنائیں (ایک آدھا بڑا ٹانکا اور ایک زنجیر ٹانکا )نشان بکسوہ ایک زنجیر جگہ میں لگائیں ۔تصویر نمبر سات

اور آٹھ دیکھیں ۔

لمبی طرف ۔


دو زنجیر والے کونے میں شروعاتی ستارہ ٹانکا بنائیں ۔اس کے بعد باسٹھ ستارہ ٹانکے اور بنائیں

(آخری ستارہ ٹانکے کا آخری پھندہ دو زنجیر والے کونے میں بنے گا)دو زنجیر والے کونے میں بنائیں

(ایک آدھا بڑا ٹانکا اور ایک زنجیر ٹانکا ) نشان بکسوہ ایک زنجیر جگہ میں لگائیں *تصویر نمبر نو دیکھیں ۔

دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔گم ٹانکے میں جوڑ کہ چکر مکمل کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔چھوٹی طرف ۔پچپن ستارہ ٹانکے ۔کونے میں بننے والا آدھے بڑے ٹانکے اور ایک زنجیر ٹانکے کا گروپ




ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن    کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ    تمام جملہ حقوق محفوظ

اکاونواں چکر۔

ستارہ ٹانکا جاری ہے ۔

ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اور کام کو پلٹ لیں ۔

اب الٹی طرف آپ کے سامنے ہے اس طرف کام کرنا ہے ۔تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔

لمبی طرف ۔

* ایک زنجیر والے کونے میں بنائیں (آدھا بڑا ٹانکا دو زنجیر ٹانکے اور آدھا بڑا ٹانکا )تصویر نمبر دو دیکھیں ۔اگلا آدھا بڑا ٹانکا چھوڑ دیں ۔اگلے تریسٹھ ستارہ ٹانکوں کے درمیان میں دو دو آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔آخری آدھا بڑا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔تصویر نمبر تین دیکھیں ۔

چھوٹی طرف ۔

ایک زنجیر والے کونے میں بنائیں (آدھا بڑا ٹانکا دو زنجیر ٹانکے اور آدھا بڑا ٹانکا )اگلا آدھا بڑا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔

اگلے پچپن ستارہ ٹانکوں کے درمیان میں دو دو آدھے بڑے ٹانکے بنائیں ۔آخری آدھا بڑا ٹانکا خالی چھوڑ دیں *

تصویر نمبر چار دیکھیں ۔


دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔پہلے آدھے بڑے ٹانکے میں جوڑ کہ چکر مکمل کر لیں اور اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔چھوٹی طرف ۔ایک سو بارہ آدھے بڑے ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ

لمبی طرف ۔ایک سو اٹھائس آدھے بڑے ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ

اشارہ۔ یاد رہے کہ اون کے سرے کو ہمیشہ کام کی پچھلی طرف محفوظ کیا جائے گا ۔

کام کو سیدھی طرف پلٹ لیں ۔




اشارہ ۔یاد رہے کہ کہ کام پلٹنے کی وجہ سے وہ اوپری پھندے جن میں کام کیا جائے گا وہ ٹانکے کی پوسٹ سے پہلے نہیں بعد میں آئیں گے ۔

ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن     کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ     تمام جملہ حقوق محفوظ

باونواں چکر۔

کسی بھی چھوٹی طرف کے آخری ٹانکے میں کھڑا بڑا ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔

لمبی طرف ۔

* دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (دو بڑے ٹانکے دو زنجیر ٹانکے اور دو بڑے ٹانکے )اگلے ایک سو اٹھائس

ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر دو اور تین دیکھیں ۔

چھوٹی طرف۔


دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (دو بڑے ٹانکے دو زنجیر ٹانکے اور دو بڑے ٹانکے )اگلے ایک سو بارہ

ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔*تصویر نمبر چار اور پانچ دیکھیں ۔

دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں آخری بڑا ٹانکا چھوڑتے ہوئے گم ٹانکے سے کھڑے بڑے ٹانکے سے جوڑ کہ چکر مکمل کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔لمبی طرف ۔ایک سو بتیس بڑے ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ ۔

چھوٹی طرف۔ایک سو سولہ بڑے ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ




ترپپنواں چکر۔

تین زنجیر ٹانکے بنائیں۔(ایک بڑا ٹانکا شمار ہوگا)تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک

بڑا ٹانکا بنائیں ۔

لمبی طرف ۔

*دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (دو بڑے ٹانکے دو زنجیر ٹانکے اور دو بڑے ٹانکے )اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔

تصویر نمبر دو دیکھیں ۔اگلے ایک سو اکتیس ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔

چھوٹی طرف۔

دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (دو بڑے ٹانکے دو زنجیر ٹانکے اور دو بڑے ٹانکے )اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔

اگلے ایک سو پندرہ ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ *تصویر نمبر تین دیکھیں ۔

دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔آخری دہرائ میں آخری تین بڑے ٹانکے چھوڑتے ہوئے گم ٹانکے

سے کھڑے بڑے ٹانکے سے جوڑ کہ چکر مکمل کر لیں اور اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں

۔لمبی طرف ۔ایک سو پینتیس بڑے ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ ۔
چھوٹی طرف۔ایک سو انیس بڑے ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ




ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ تمام جملہ حقوق محفوظ

حصہ سوئم مکمل ہوا۔اون کے تمام سروں کو محفوظ کر لیں ۔

پیمائش کچھ یوں ہوگی ۔

ڈبل نٹ انگ چار ایم ایم جی ہک

چھوٹی طرف۔انتیس انچ یا چوہتر سینٹی میٹر

لمبی طرف ۔چونتیس انچ یا چھیاسی سینٹی میٹر

آررن پانچ اعشاریہ پانچ ہک

چھوٹی طرف۔چونتیس انچ یا چھیاسی اعشاریہ پانچ سینٹی میٹر

لمبی طرف ۔سینتیس انچ یا چورانوے سینٹی میٹر

اختتام حصہ سوئم

ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ تمام جملہ حقوق محفوظ